# 13936 ـ وضوء کے بعد پرفیوم استعمال کرنا

### سوال

کولونیا والی خوشبو لگانے کے متعلق بہت زیادہ باتیں ہونے لگی ہیں، اس لیے وضوء کرنے کے بعد یہ خوشبو لگائی جائے تو کیا وضوء دوبارہ کرنا ہو گا، یا کہ صرف جہاں لگی ہے وہی جگہ دھوئی جائیگی ؟

### پسندیدہ جواب

الحمد لله.

کولونیا والی معروف خوشبو ( پرفیوم ) میں سپرٹ پایا جاتا ہے، جو میڈیکل رپورٹ کے مطابق نشہ آور مادہ ہے، چنانچہ اس کا استعمال ترك کرنا واجب ہے، اور اس کے عوض میں بغیر سپرٹ خوشبو استعمال کی جائیں.

لیکن اسے لگانے کے بعد وضوء کرنا، یا پھر جس جگہ لگائی جائے اسے دھونا واجب نہیں، کیونکہ اس کی نجاست کی کوئی واضح دلیل نہیں ہے.

اللہ تعالی ہی توفیق دینے والا ہے.